شفیق فاروقی

# دارالعلوم حقانیہ کے شب و روز

**حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی صحت** حضرت شیخ الحدیث مدظلہ جو ۱۳ جنوری ۱۹۷۹ء سے آنکھوں کے علاج کے سلسلہ میں جناح ہسپتال کراچی میں زیر علاج ہیں اب تک ان کی آنکھوں کا مکمل افاقہ نہیں ہوا۔ دونوں آنکھوں کا اپریشن ہو چکا ہے مگر شوگر کی وجہ سے اندرونی حصوں میں زخم صاف نہیں ہو رہا۔ ڈاکٹر ٹی۔ ایچ کرمانی صاحب اور دیگر معالجین قلب و چشم پوری عقیدت و محبت سے علاج فرما رہے ہیں۔ اس دوران وفاقی وزیر صحت جناب محترم صبح صادق کھوسو اپنے ماتحت سٹاف اور ذمہ دار حضرات کے ساتھ حضرت کی عیادت کے لئے ہسپتال گئے اور دیر تک علاج معالجہ کے حالات پر ڈاکٹروں سے تبادلۂ خیال کیا قائد قومی اتحاد حضرت مولانا مفتی محمود صاحب نے بھی حضرت کی عیادت کی اور اسلامی مشاورتی کونسل کے ارکان علامہ مولانا شمس الحق افغانی مولانا مفتی سیاح الدین کاکاخیل مولانا محمد تقی عثمانی علامہ محمد ادریس میرٹھی او۔ ان کے علاوہ ہر طبقۂ فکر کے علماء و زعماء طلباء و اہل علم و فضل کا تانتا ہسپتال میں بندھا رہتا ہے۔ قارئین سے شفائے کاملہ عاجلہ اور بینائی کی بحالی کے لئے خصوصی دعاؤں کی درخواست ہے۔

**متفرقات** ۱۴ مارچ مولانا مغفور اللہ صاحب ہزاروی مدرس دارالعلوم حقانیہ سفر حج سے واپس دارالعلوم تشریف لائے۔ ● پچھلے ماہ مولانا شیر علی شاہ صاحب سابق مدرس دارالعلوم حقانیہ حال مقیم مدینہ منورہ کی والدہ مرحومہ کا انتقال ہو گیا رحمہا اللہ و ارضاہا۔ ● قومی کمیٹی برائے دینی مدارس جسے صدر پاکستان نے مدارس عربیہ کے نظام و نصاب وغیرہ امور کے بارہ میں رپورٹ دینے کے لئے نامزد کیا ہے۔ مولانا سمیع الحق صاحب مدیر الحق کو بھی اس کمیٹی کی رکنیت کیلئے نامزد کیا گیا ہے۔ ● قومی کمیٹی برائے مدارس کے چیئرمین ڈاکٹر عبدالواحد ہالے پوتا سیکرٹری جناب محمد یوسف گورایا صاحب، جناب حافظ نذر احمد صاحب مرتب جائزہ مدارس اور جناب مولانا محمد ادریس میرٹھی کراچی رکن قومی کمیٹی اپنے پشاور کے اجلاس سے واپسی پر دارالعلوم کے معائنہ اور مولانا سمیع الحق صاحب سے تبادلہ خیال کے لئے دارالعلوم تشریف لائے مگر مولانا کے سفر کی وجہ سے اُن سے ملاقات نہ ہو سکی نہ مولانا بوجوہ اجلاس پشاور میں شریک ہوئے۔ ● دارالعلوم دیوبند کی جمعیۃ الثقافۃ القاسمیہ دیوبند اواخر اپریل ۱۹۷۹ء میں حکیم الاسلام مولانا قاری محمد طیب مدظلہ کی نگرانی و سرپرستی میں حضرت حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کے علوم و افکار اور شخصیت و کردار پر ایک سیمینار منعقد کر رہی ہے اس کے سیمینار کے لئے جمعیۃ نے مولانا سمیع الحق صاحب مدیر الحق کو بھی دعوت دی ہے کہ وہ اس میں شرکت کر کے "حضرت نانوتویؒ بحیثیت استاد حدیث" کے عنوان پر مقالہ پڑھیں اگر عوارض و موانع نہ ہوئے اور ویزا وغیرہ کا مرحلہ بھی طے ہو سکا تو جناب مدیر صاحب اس سیمینار میں شرکت فرمادیں گے۔ انشاء اللہ۔